PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# منیبہ علی کی شاندار بیٹنگ نے پی سی بی ڈائنامائٹس کو نیشنل چیمپئن شپ میں پہلی فتح دلادی

- منیبہ علی کے ناقابل شکست 57 رنز
- ماہم طارق نے 4 وکٹیں حاصل کیں

**لاہور، 23 ستمبر 2019ء:**

قومی ٹرائنگولر ایک روزہ خواتین چیمپئن شپ کے پانچویں لیگ میچ میں پی سی بی ڈائنامائٹس نے پی سی بی بلاسٹرز کو 8 وکٹوں کے بھاری مارجن سے شکست دے کر ایونٹ میں پہلی کامیابی حاصل کرلی ہے۔ لاہور جمخانہ کلب گراؤنڈ میں کھیلے جانے والے میچ میں فاتح ٹیم نے 176 رنز کا ہدف 44ویں اوورمیں حاصل کرلیا۔

اس سے قبل پی سی بی بلاسٹرز کی کپتان رامین شمیم نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا ۔18 کے مجموعی اسکور پر پی سی بی بلاسٹرزکی اوپنر عائشہ ظفر 1 رنز بناکر آؤٹ ہوگئیں جبکہ تیسرے نمبر پر بیٹنگ کے لیے آنے والی عمیمہ سہیل بغیر کوئی رن بنائےپویلین واپس لوٹ گئیں۔ جس کے بعد اوپنر سدرہ امین اور کائنات حفیظ نے قدرے بہتر کھیل کا مظاہرہ کیا ۔ دونوں کے درمیان 45 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ سدرہ امین 47 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئیں۔ پی سی بی بلاسٹرز کے 105 رنز پر 5 کھلاڑی آؤٹ ہونے کے بعد عالیہ ریاض نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 50 رنز کی اننگز کھیلی۔ 72 گیندوں پر مشتمل ان کی اننگز میں 7 چوکے شامل تھے۔ پی سی بی بلاسٹرز کی پوری ٹیم 49.3 اوورز میں 175 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ پی سی بی ڈائنامائٹس کی جانب سے ماہم طارق نے 10 اوورز میں 35 رنز کے عوض 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ انعم امین، ثناء میر، ندا ڈار، نائلہ نذیراور کائنات امتیاز نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

جواب میں پی سی بی ڈائنامائٹس نے مطلوبہ ہدف 43.3 اوور میں 2 وکٹوں کے نقصان پرحاصل کرلیا۔ 176 رنز کے تعاقب میں فاتح ٹیم کی جانب سے ناہیدہ خان اور منیبہ علی

نے اننگز کامحتاط آغاز کیا۔دونوں کھلاڑیوں کے درمیان88 گیندوں پر 69 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ناہیدہ خان 38 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئیں۔ کریز پر آنے والی تیسری بیٹر جویریہ خان اور منیبہ علی کے درمیان 79 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ جویریہ خان 44 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئیں تاہم پی سی بی ڈائنامائٹس کی جانب سے سب سے زیادہ اسکور منیبہ علی نے کیا۔ وہ 57 رنز بنا کر ناقابل شکست رہیں۔ ان کی اننگز میں 4 چوکےشامل تھے۔پی سی بی بلاسٹرز کی جانب سے کپتان رامین شمیم نے دونوں کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

میچ میں شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرنے پرمنیبہ علی کو پلیئر آف دی میچ کا انعام دیا گیا۔

ایونٹ کاآخری لیگ میچ24 ستمبر کو پی سی بی ڈائنامائٹس اور پی سی بی چیلنجرز کے درمیان کھیلا جائے گا۔

– ENDS –


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk


## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.